21 رمضان

اتحادو یکجہتی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی جانب سے فرض ہے اور تفرقہ و تقسیم ایک بڑا گناہ ہے

الحمدللہ اس امت میں اتحاد و یکجہتی کی دنیا میں سب سے زیادہ مضبوط بنیاد موجود ہے، یعنی دین حق، اسلام۔ لٰہذا پوری دنیا میں، مشرق ہو یا مغرب، شمال ہو یا جنوب، ہم رمضان کے روزے اللہ کے اس حکم کی اطاعت میں رکھتے ہیں کہ:

(يأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُواْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ)

"اے ایمان والو! تم پر روزے رکھنا فرض کیا گیا جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو" (البقرة:183)۔

اور ہم سب ایک ہی قبلہ کی جانب رخ کرتے ہیں، مسجد الحرام، کعبہ، جس کی جانب منہ کر کے ہم نماز پڑھتے ہیں، چاہے وہ عید کی نماز ہو یا جمعہ کی یا تراویح۔ اس کے علاوہ اسلام تمام مسلمانوں کو ایک امت کے طور پر متحد اور اس کی عملی شکل ریاست خلافت کے قیام کے لئے اقدامات سے بھی آگاہ کرتا ہے جو دنیا کی سب سے طاقتور ریاست اور امت ہو، جس کی ایک ہی عظیم فوج ہوتی ہے، ایک ہی ریاستی خزانہ ہوتا ہے، جس میں ہمیں تقسیم کرنے کے لئے کوئی سرحدیں نہیں ہوتیں اور سب مسلمانوں کی ایک ہی شہریت ہوتی ہے۔ اللہ کی کتاب قرآن عظیم جو لیلۃالقدر کی رات نازل کی گئی، میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ایک قوم قرار دیتے ہیں اور ہمیں یکجا ہو کر ایک قوم بننے کا حکم دیتے ہیں:

(يأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُواْ اتَّقُواْ اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلاَ تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ – وَاعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعاً وَلاَ تَفَرَّقُواْ)

"اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے اتنا ڈرو جتنا اس سے ڈرنا چاہیے اور دیکھو مرتے دم تک مسلمان رہنا۔ اللہ تعالیٰ کی رسی کو سب مل کر مضبوطی سے تھام لو اور پھوٹ نہ ڈالو" (آل عمران:102-103)۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان

www.hizb-ut-tahrir.info/ur/